DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

## مورخہ 08-07-2023

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | حقیقی سیاست خدمت خلق پر مبنی ایک مقدس فریضہ ہے، گورنر | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | ہمیں ذاتی مفاد سے بالاتر ہوکر قومی مفادات کے حصول کیلئے مشترکہ جدوجہد کرنا چاہتے، عبدالولی کاکڑ | مشرق ودیگراخبارات |
| 03 | پارٹی نے دہشت گردی کیخلاف اور حقوق کیلئے طویل جدوجہد کی، خالق ہزارہ | مشرق ودیگراخبارات |
| 04 | مقدس کتاب کی توہین کرنا اظہار آزادی نہیں، مولانا عبدالواسع | جنگ ودیگراخبارات |
| 05 | وزیراعظم نوجوان پروگرام بلوچستان کیلئے 3 ہزار انٹرن شپ مختص ہیں، چیف سیکرٹری | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | ووٹ کے اندراج کیلئے سات دن باقی رہ گئے، صوبائی الیکشن کمشنر | آزادی ودیگراخبارات |
| 07 | بلوچستان قدرتی معدنیات سے مالا مال وسیع صوبہ ہے، اعظم نذیر تارڑ | مشرق ودیگراخبارات |
| 08 | صفائی کا نظام بہتر بنانے پر ایڈمنسٹریٹر داد کے مستحق | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | سویڈن میں قرآن پاک کی بے حرمتی کے خلاف کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں ریلیاں ومظاہرے | سنچری ودیگراخبارات |
| 10 | ادارہ ترقیاتی بلوچستان کے ملازمین کا مسائل حل نہ ہونے ہر مظاہرے نعرے بازی احتجاج سخت کرنے کا فیصلہ | جنگ ودیگراخبارات |
| 11 | بلوچستان کی تاریخ میں پہلی بار خاتون امیدوار ڈسٹرکٹ کونسل کی چیئرمین منتخب۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | جدید آئی ٹی بیسڈ ای پولیسنگ پر عمل پیرا ہیں عبدالخالق شیخ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | نصیرآباد ریجنل سیکرٹری ٹرانسپورٹ کی کاروائی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | کوئٹہ میں منی پیٹرول پمپس کے خلاف کاروائی 18 افراد گرفتار جیل منتقل۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 15 | بلوچستان میں ایک اور آپریشن کی راہ ہموار کی جارہی ہے، بی این پی | جنگ ودیگراخبارات |
| 16 | میری حکومت ختم کرنے میں قوم اور مذہب پرستوں سب نے حصہ ڈالا نواب زہری۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 17 | بلدیاتی انتخابات کا آخری معرکہ رند پینل نے اپنے نام کرلیا، سردار رند۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 18 | حکومت ملی تو وڈھ کو سہولیات سے آراستہ اور 40 ہزار نوجوانوں کو روزگار دینگے، نواب زہری | جنگ ودیگراخبارات |

## امن وامان

لورالائی میں لڑائی جھگڑا 15 افراد زخمی ہسپتال منتقل، پشتون آباد سے تعلق رکھنے والا نوجوان کوہ پیا پہاڑوں میں لاپتہ، خضدار جعلی کرنسی کا کاروبار کرنے والا گروہ پکڑا گیا لاکھوں جعلی نوٹ برآمد، ہوائی فائرنگ کرنے والا نوجوان گرفتار، ڈھاڈر پولیس کی کاروائی 10 کلو چرس برآمد ملزم گرفتار، حب سٹی اور ہائیٹ پولیس تھانہ کی حدود میں چوری اور رہزنی کی وارداتوں میں اضافہ، وڈھ میں دونوں گروپوں کے حامی مورچہ زن کیوں ہیں، مستونگ سٹی پولیس کاروائی گرلز سکول سے چوری شدہ سامان برآمد، کوئٹہ پولیس نے چوری شدہ موٹر سائیکلیں دونان کسٹم پیڈ گاڑیاں برآمد کرلیں،

مورخہ 08-07-2023

## عوامی مسائل

کوئٹہ شہر میں آٹے کی قلت 50 کلو آٹے کے تھیلے پر ایک ہفتے میں 800 روپے بڑھ گیا، شاہرگ میں احتجاجی مظاہرہ وجلسہ منعقد کیا گیا، اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں اضافے کا رجحان برقرار، ٹیچنگ ہسپتال پنجگور میں ڈاکٹرز کم اور سہولتوں کا فقدان مریض شدید پریشان، پرائمری اسکول گوٹھ فوج علی کٹو رکھنڈر میں تبدیل،، انتظامیہ سرکاری ریٹس پر عملدرآمد میں ناکام واٹرٹینکرز مالکان کی من مانیاں نرخ میں ہوشربا اضافہ، ایرانی پیٹرول کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ،

## اداریہ:

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے **"صحت کا شعبہ مزید اقدامات کا متقاضی !!"** کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ بلوچستان میں صحت اور تعلیم دو ایسے شعبے ہین جن سے متعلق مختلف ادواز میں بہت کچھ لکھا اور کہا جا چکا ہے یہ دونوں شعبے گزشتہ چند برسوں سے خصوصی طور پر مرکز نگاہ بنے ہوئے ہیں ان شعبوں کے لئے مختص فنڈز میں نمایاں اضافہ کیا گیا ہے بالخصوص صحت کے شعبے کی اگر بات کریں تو وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو کی قیادت میں اس موجودہ حکومت نے تاریخا قدامات اٹھائے صحت کا شعبہ کسی بھی ملک میں انتہائی اہمیت کا حامل شعبہ ہوتا ہے بیرونی دنیا خصوصا ترقیاتی مما لک میں صحت کے شعبے کے حوالے سے حکومتیں اانتہائی حساس ہوتی ہیں مگر کیا کیا جائے کہ ہمارے ہاں صوتحال قدرتشویشناک ہے۔ بلوچستان سمیت ملک بھر میں صحت کا شعبہ انتہائی زیادہ تزلی کا شکار اور ایک مضبوط مافیا کے رحم وکرم پر ہے یہ مافیا مختلف طبقات پر قائم ہے جس میں ملاوٹ شدہ مضر صحت ادویات بنانے والوں سے لے کران کی خرید وفروخت کرنے والی ادویہ کمپنیوں تک یہ ادویات لکھ کر دینے والے معزز ڈاکٹر صاحبان سے لے کر مارکیٹ میں معیاری ادویات کی مصنوعی قلت پیدا کرنے والے مایا تک سبھی حصہ دار شریک اور ذمہ دار ہیں۔

## اداریے:

روزنامہ بلوچستان بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے " Robust LG system in Balochistan" عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے " **سی پیک ،منصوبے کے دن سال ،لازوال دوستی کی روشن مثال** " عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے **بلوچستان کی ترقی مقامی حکومتوں کی مضبوطی سے ممکن ھے** " عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل

نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 DATE: 08 JUL 2023 Page No: 1


## حقیقی سیاست خدمت خلق پر مبنی ایک مقدس فریضہ ہے، گورنر

**سیاسی قائد خوفزدہ کرنے کی بجائے لوگوں کو جبر سے لڑانے کی ہمت دیتا ہے، وفد سے گفتگو**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا ہے کہ حقیقی اولسی سیاست دراصل خدمت خلق پر مبنی ایک مقدس فریضہ ہے اور سیاسی قائد لوگوں کو خوفزدہ رکھنے کی بجائے انہیں ظلم، جبر اور استحصال کے خلاف لڑنے کی ہمت دیتا ہے سیاست میں انسانی اقدار، سیاسی نظریات اور مستقل مزاجی کے دامن کو مضبوطی سے تھامے رکھنے کے بعد ہی ہم اپنے بڑے قومی اہداف کے حصول کو ممکن بنا سکتے ہیں یہ سب کچھ ایشیائی سماج میں مضبوط ذاتی کردار اور وقار کے بغیر نتیجہ خیز نہیں بنایا جاسکتا ان خیالات کا اظہار انہوں نے سابق وفاقی سیکرٹری سردار اعجاز احمد خان جعفر کی قیادت میں وفد میں ملنے والے سے بات چیت کرتے ہوئے کیا گورنر نے کہا کہ اگر ہم اپنی تمام پالیسیوں اور ترقیاتی منصوبوں کا مرکز عوام کے حقوق واختیارات کی پاسداری کو بنالیں تو ہم معاشرتی بگاڑ کو اجتماعی سدھار میں تبدیل کر سکتے ہیں ملک خاص کر بلوچستان قدرتی وسائل و معدنیات سے مالا مال صوبہ ہے. جغرافیائی اعتبار سے بھی ہمارے ملک و صوبے کے روشن مستقبل کے روشن امکانات بھی ہیں اب بھی وقت ہے کہ تمام واک واختیار اور سیاسی قائدین اپنا رخ حقیقی خدمت خلق کی جانب موڑ دیں اور ذاتی مفاد سے بالاتر ہوکر قومی مفادات کے حصول کیلئے مشترکہ جدوجہد کریں گورنر نے کہا کہ بحیثیت قوم ہم اپنے وسائل کے بہترین استعمال سے درپیش مسائل ومشکلات پر باآسانی قابو پا سکتے ہیں انہوں نے تمام سیاسی کارکنوں اور بلدیاتی نمائندوں پر زور دیا کہ وہ حقیقی سیاست کے تقدس کا خیال رکھتے ہوئے اپنے اپنے علاقوں میں عام آدمی سے رابطہ رکھیں اور ان کے مسائل معلوم کریں تاکہ عوامی مسائل ومشکلات کو کم کرنے میں بھرپور مدد مل سکیں۔


MASHRIQ QUETTA


## ہمیں ذاتی مفاد سے بالاتر ہو کر قومی مفادات کے حصول کیلئے مشترکہ جدوجہد کرنا چاہیے، عبدالولی کاکڑ

**سیاست میں انسانی اقدار، سیاسی نظریات اور مستقل مزاجی کے دامن کو مضبوطی سے تھامے رکھ کر ہی ہم اپنے بڑے قومی اہداف کے حصول کو ممکن بنا سکتے ہیں**

**تمام سیاسی کارکنوں اور بلدیاتی نمائندوں پر زور دیا کہ وہ حقیقی سیاست کے تقدس کا خیال رکھتے ہوئے اپنے اپنے علاقوں میں عام آدمی سے رابطہ رکھیں**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا کہ حقیقی اولسی سیاست دراصل خدمت خلق پر مبنی ایک مقدس فریضہ ہے اور سیاسی قائد لوگوں کو خوفزدہ رکھنے کی بجائے انھیں ظلم، جبر اور استحصال کے........ بقیہ نمبر 36 صفحہ 9 پر

خلاف لڑنے کی جرآت فراہم کرتا ہے۔ سیاست میں انسانی اقدار، سیاسی نظریات اور مستقل مزاجی کے دامن کو مضبوطی سے تھامے رکھنے کے بعد ہی ہم اپنے بڑے قومی اہداف کے حصول کو ممکن بنا سکتے ہیں. یہ سب کچھ ایشیائی سماج میں مضبوط ذاتی کردار اور وقار کے بغیر نتیجہ خیز نہیں بنایا جاسکتا. ان خیالات کا اظہار انہوں نے سابق وفاقی سیکرٹری سردار اعجاز احمد خان جعفر کی قیادت میں وفد سے ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا. اس موقع پر گورنر بلوچستان نے کہا کہ اگر ہم اپنی تمام پالیسیوں اور ترقیاتی منصوبوں کا مرکز عوام کے حقوق و اختیارات کی پاسداری کو بنالیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

DATE: 08 JUL 2023

Page No: 2

# پارٹی نے دہشت گردی کے خلاف اور حقوق کے لیے طویل جدوجہد کی، خالق ہزارہ

## ہم نے عوامی نمائندگی اور سیاسی و جمہوری جماعت کا ایک معیار قائم کیا ہے، یوم تاسیس پر جلسے سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیمو کریٹک پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ گزشتہ 20 سال سے مسلسل جدوجہد کر کے عوام کو ان کے سیاسی حقوق کی فراہمی ممکن بنانے قیام امن کو یقینی بنانے عوام کو حقیقی جمہوری سیاسی نمائندگی کے حق کو یقینی بنانے کے لئے تاریخی جدوجہد کی ہے ہم نے کوئٹہ شہر اور صوبے میں دو دہائیوں کی دہشت گردی کے خلاف جس طرح دن رات جدوجہد کی اس کی مثال ملنی مشکل ہے پارٹی نے طویل اور صبر آزما جدوجہد کی ہے جب آج ہم اس مقام پر کھڑے ہیں جہاں اس وقت پارٹی اب کوئٹہ کی تمام اقوام و طبقات کی نمائندہ سیاسی جماعت کا مقام حاصل کر چکی ہے۔ ان خیالات کا اظہار چیئرمین و صوبائی وزیر کھیل و ثقافت عبدالخالق ہزارہ، نائب چیئرمین اول مرزا حسین ہزارہ و نائب چیئرمین عزیز اللہ ہزارہ سیکرٹری جنرل احمد علی کوہزادہ، ارکان مرکزی کونسل سیما بتول آغشی، محمد زمان ہزارہ، اسٹوڈنٹس فیڈریشن کے صدر منظور حنان نے پارٹی کے 20 ویں یوم تاسیس کے موقع پر ایک بڑے جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پارٹی کے حلقہ و بنیادی کونسلوں کے نو منتخب عہدیداران و ارکان سے چیئرمین عبدالخالق ہزارہ نے حلف لیا پارٹی کی خواتین حلقہ کونسل اور 3 مردانہ حلقہ کونسلوں اس طرح ایک خواتین بنیادی کونسل اور 32 دیگر بنیادی کونسلوں کے منتخب اراکین نے حلف اٹھایا پارٹی رہنماں نے تمام کونسلوں کے نو منتخب اراکین کو مبارک باد دیتے ہوئے توقع ظاہر کی کہ پارٹی کے بنیادی کونسلوں کے ارکان حلقہ و ضلع کونسلوں کی زیر نگرانی عوام کے بنیادی اور ضروری مسائل تک رسائی کر کے پارٹی کے آئین و منشور کو کوئٹہ شہر کے ہر فرد تک پہنچائیں گے انہوں نے کہا کہ ہم نے عوامی نمائندگی اور سیاسی و جمہوری جماعت کا ایک معیار قائم کیا ہے پارٹی کے نچلی سطح سے لے کر چیئرمین کے عہدے تک کارکنوں کی رائے سے منتخب ہو کر آتے ہیں ہم نے خواتین کو برابری کا مقام دے کر انہیں پارٹی کے فیصلہ سازی کے امور میں برابری کا حصہ دیا ہے یہ ہمارے لئے ایک اعزاز ہے کہ آج ہماری مائیں بہنیں بیٹیاں عملی طور پر سیاسی جدوجہد میں اپنے بھائیوں کے ساتھ شریک ہیں یہ ہمارے لئے فخر کا مقام ہے کہ ہمارے نمائندوں کی کارکردگی اور شفاف ترقیاتی منصوبوں کی مثالیں پورے بلوچستان کے عوام دے رہے ہیں ہمارے حلقوں کا موازنہ اپنے حلقوں کے ساتھ کر کے ہمارے نمائندوں کو خراج تحسین پیش کر رہا ہے۔ مقررین نے کہا کہ ایچ ڈی پی صرف ہزارہ قوم کی نمائندہ سیاسی جماعت نہیں بلکہ ہم کوئٹہ کے شہریوں اور پورے صوبے کے حقوق کی بات کرتے ہیں ہم چاہتے ہیں کہ صوبے کے عوام کو صوبے کے وسائل کا مالک سمجھا جائے اور انہیں وسائل پر مکمل اختیار دے کر صوبے کے عوام میں موجود احساس محرومی کا خاتمہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے تعلیم، صحت، پانی، روزگار، ثقافت اور اسپورٹس سمیت ہر شعبے میں مثالی خدمات انجام دی ہیں ہمارے حلقوں میں بلا تعصب ترقیاتی منصوبے مکمل ہو گئے ہیں ہم نے ایسے علاقوں میں ترقی کا عمل انجام دیا جہاں اس سے پہلے کسی نمائندے نے توجہ تک نہیں ہم چاہتے ہیں کہ جتنے دیگر مشکلات حلقے کے عوام کو درپیش ہیں ہم انہیں حل کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں ترقیاتی منصوبوں میں کئی قسم کی مشکلات کا سامنا بھی کرنا پڑا ہے بعض لوگ اپنے ذاتی مفادات کے لئے ہمارے کئی منصوبوں کے راستے میں رکاوٹ بننے کی کوشش کی ہے مگر ہم نے ان رکاوٹوں کو بھی خاطر میں نہیں لایا بلکہ ان کا مقابلہ کرنے کے لئے قانونی و عدالتی راستے اختیار کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت ہزارہ ٹاؤن کے سپورٹس اسٹیڈیم کا مسئلہ سب سے اہم مسئلہ ہے ہم نے پانچ سال پہلے جب رکن بلوچستان اسمبلی منتخب ہوئے تب سے اسٹیڈیم کے لئے جدوجہد کی ہے مگر ہزارہ ٹاؤن میں کہیں بھی ایسی زمین دستیاب نہ ہو سکی جس پر اسٹیڈیم تعمیر کیا جاتا ہم بعد میں ایک اور زمین جو کہ سرکاری ملکیت ہے اسے حاصل کیا جس پر بعض لوگوں نے رکاوٹ ڈالنے کی کوشش کی جو کہ ایک صحت مندانہ سرگرمی اور نئی نسل کے خلاف سازش ہے مقررین نے کہا کہ انتخابات کی آمد آمد ہے کئی سیاسی جماعتیں انتخابی مہم شروع کر چکی ہیں ہم بھی تیار ہیں اور انتخابی مہم شروع کرنے کے لئے پارٹی کی 20 سالہ سیاسی و جمہوری جدوجہد اور گزشتہ پانچ سالہ عوامی نمائندگی کی بنیاد پر عوام کے سامنے جائیں گے اور عوام سے اپنی کارکردگی کی بنیاد پر ووٹ طلب کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے نوجوانوں میں یہ قابلیت اور صلاحیت موجود ہے کہ ہم قیادت بھی کر سکتے ہیں اور عوام کی نمائندگی کا فرض بہترین طریقے سے انجام دے سکتے ہیں، ہم کسی کے غلام نہیں، ایک آزاد جمہوری ملک کے شہری ہیں جہاں ہم بھی برابری کا مقام رکھتے ہیں ہم کسی صورت تیسرے درجے کے شہری کی حیثیت قبول نہیں کریں گے۔ مقررین نے کہا کہ عوام سابقہ اور پارٹی نمائندوں کا موازنہ کریں انہیں واضح فرق نظر آئے گا ہم نے اسمبلی فلور پر جس طرح کوئٹہ کے شہریوں صوبے کے عوام کے حقوق کے لئے آواز بلند کی اور جس طرح ان کی نمائندگی کا فریضہ ادا کیا اس سے پہلے کسی نے ہزارہ قوم یا کوئٹہ کے شہریوں کی اس طرح سیاسی نمائندگی کا فرض انجام نہیں دیا۔ جلسے کے اسٹیج سیکرٹری کے فرائض پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات و رکن بلوچستان اسمبلی قادر علی نائل نے انجام دیئے جلسہ میں خواتین کی بڑی تعداد نے شرکت کی اس موقع پر کارکنوں نے انتہائی نظم و ضبط کا مظاہرہ کیا۔

# مقدس کتاب کی توہین کرنا اظہار آزادی نہیں، مولانا عبدالواسع

## سویڈن معاملے پر جمعیت کسی صورت خاموش نہیں رہ سکتی، وفاقی وزیر

کوئٹہ (پ ر) جمعیت بلوچستان کے امیر وفاقی وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ ہم مغربی لوگوں کو سکھائیں گے کہ مسلمانوں کی مقدس کتاب کی توہین کرنا آزادی اظہار نہیں قرآن یا کسی اور مقدس کتاب کو نذر آتش کرنا توہین آمیز اور واضح اشتعال انگیزی ہے جمعیت اس معاملے پر کسی صورت پر خاموش نہیں رہ سکتی اور ہر سطح پر احتجاج کریگے کیونکہ عالمی برادری اس کا نوٹس نہیں لیتی اور اب مسلمانوں کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے وفاقی وزیر نے کہا کہ امت مسلمہ کو درپیش مسائل اور چیلنجز کا مقابلہ کرنے کے لئے اتفاق اتحاد اور اپنے ملک سے وفاداری واحد حل ہے سویڈن کے واقعے کی عوامی عدالت میں تحقیق کی جائے اور سازش کرنے والوں اور مجرموں کو قرار واقعی سزا دی جائیں تاکہ ایسے واقعات کا تدارک ہو سکے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 1 DATE: 08 JUL 2023 Page No: 3

# Governor for encouraging people to fight against oppression

**Staff Report**

**QUETTA**: Governor Balochistan Malik Abdul Wali Khan Kakar on Friday said that our country, especially Balochistan was a province rich in natural resources, minerals and geographically importance with multiple prospects for the bright future of the country.

He expressed these views while talking to the delegation led by former Federal Secretary Sardar Ejaz Ahmad Khan Jafar. On this occasion, Balochistan Governor said that real politics was actually a sacred duty based on serving the people and instead of keeping the people afraid, the political leader should give them the courage to fight against oppression and exploitation.

We can make it possible to achieve our big national goals only after holding firmly to the foundations of human values, political ideals and consistency in politics, all this cannot be achieved without strong personal character and dignity in Asian society, he said. Governor Balochistan said that if we make the protection of the rights and powers of the people the center of all our policies and development plans, then we could change our current social deterioration into a collective reform.

"There is still time for all the authorities and political leaders to turn their direction towards the real service of the people and to rise above the personal interest and work together to achieve the national interests", he said. The Governor Malik Abdul Wali Khan Kakar said that we, as a nation, could easily overcome the problems and difficulties faced by using our resources.

Briefing on the top priorities of the government, the he said, "Serving the masses, ensuring the provision of basic facilities and addressing issues of the public are top priorities of the government." The governor assured that the government would employ all efforts to resolve issues of the masses. The representatives of delegations assured support to the government.

He vowed to fulfil commitments of government with the masses, adding that law and order, education, health and provision of employment to youth would be ensured on priority. The governor urged all the political workers and local government representatives to keep in touch with the common man in their respective areas and find out their problems, keeping in mind the sanctity of real politics, so that they could help in reducing public problems.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

DATE: 08 JUL 2023

Page No: 4

# وزیراعظم نوجوان پروگرام، بلوچستان کیلئے 3 ہزار انٹرن شپ مختص ہیں، چیف سیکرٹری

## زیادہ سے زیادہ طلبا، طالبات خود کو رجسٹرڈ کرائیں، گوگل نے بھی اسکالرشپ کی تعداد 3 ہزار کر دی، عبدالعزیز عقیلی

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے کہا ہے کہ حکومت نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہے اسی سلسلے میں وزیراعظم بااختیار نوجوانان پروگرام میں بلوچستان کے لئے 8000 میں سے 3000 انٹرن شپ رکھی گئی ہیں مختلف محکموں میں نوجوانوں کو انٹرن شپ دیں گے اس کے علاوہ گوگل کی جانب سے بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے اسکالرشپس 1 ہزار سے بڑھا کر 3 ہزار کردی گئی ہیں جس سے نوجوان اپنا روزگار کر سکتے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے سیکرٹریز کمیٹی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا اجلاس میں سیکرٹری لاء عبدالصبور کاکڑ، سیکرٹری پراسیکیوشن غلام علی بلوچ، سیکرٹری خزانہ زاہد سلیم سمیت تمام سیکرٹریز جبکہ ڈویژنل کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی اجلاس میں ترقیاتی منصوبوں کی پروجیکشن، پی ایس ڈی پی، وفاقی ترقیاتی منصوبے، کیسکو بلوں کی ادائیگی، سرکاری گاڑیوں کی نیلامی سمیت دیگر امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ گندم کی اسمگلنگ کی روک تھام کے سلسلے میں تمام بارڈرز کو سیل کیا گیا ہے جس سے صوبے میں گندم اور آٹے کی قیمت دوسرے صوبوں کی نسبت کم ہے چیف سیکرٹری نے ایک بار پھر واضح کیا کہ وفاقی حکومت کی طرف سے اپنائے جانے والے قومی کفایت شعاری کے اقدامات پر عملدرآمد کرکے تمام انتظامی آفیسران بجلی اور گیس کی بچت کے لیے اقدامات کریں انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت نے بلوچستان کے طلباء کے لئے انٹرن شپ بااختیار نوجوانان پروگرام شروع کیا ہے اور ابھی تک تقریباً 4000 نوجوانوں نے درخواستیں جمع کی ہیں صوبے کے دور دراز علاقوں کے طلبا بھی اس پروگرام سے مستفید ہوں اور زیادہ سے زیادہ طلباء اور طالبات خود کو www.bnip.gov.pk سے رجسٹرڈ کرائیں گوگل کی جانب سے بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے اسکالرشپس 1 ہزار سے بڑھا کر 3 ہزار کردی گئی ہیں جس سے نوجوان اپنا روزگار کر سکتے ہیں اور اس میں ابھی تک 961 طلباء جوائن کر چکے ہیں جس میں 462 طلبا اور 279 طالبات شامل ہیں۔

# معاشرے کی بہتری میں اداروں کا کردار انتہائی اہم ہے، چیف سیکرٹری

## نیشنل گیمز میں تمام اداروں کی جانب سے بہترین انتظامات کئے گئے، عبدالعزیز عقیلی۔ بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنیوالوں میں شیلڈز تقسیم

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) چیف سیکرٹری عبدالعزیز عقیلی نے کہا ہے کہ نیشنل گیمز کے کامیاب انعقاد سے دنیا میں پاکستان کا مثبت امیج ہی نہیں بلکہ یہ پیغام بھی گیا ہے کہ بلوچستان ایک پر امن صوبہ ہے اور یہاں کے عوام امن کے داعی ہے معاشرے کی بہتری کیلئے اداروں کا کردار انتہائی اہمت کا حامل ہوتا ہے نیشنل گیمز کو کامیاب بنانے پر محکمہ پولیس، کھیل اور دیگر اداروں کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز سول سیکرٹریٹ میں سکندر خان جمالی آڈیٹوریم میں 34 ویں نیشنل گیمز کے کامیاب انعقاد کے حوالے سے ایک سادہ اور پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر سیکرٹری اسپورٹس اسحاق جمالی، ڈی آئی جی کوئٹہ غلام اظفر مہیسر، ڈی جی اسپورٹس درا بلوچ، ایس ایس پیز مختلف محکموں کے سیکرٹریز سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے چیف سیکرٹری نے کہا کہ نوجوان تعلیمی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ غیر نصابی سرگرمیوں میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیں تاکہ ایک صحت مند اور مثبت معاشرے کا قیام ممکن ہو سکے۔ صوبائی حکومت صوبے میں کھیلوں کے فروغ کیلئے بھرپور اقدامات کر رہی ہے۔ بلوچستان میں 19 سال بعد منعقد ہونے والے 34 ویں نیشنل گیمز کے کامیاب انعقاد سے دنیا میں پاکستان کا مثبت امیج ہی نہیں بلکہ یہ پیغام گیا ہے کہ بلوچستان ایک پر امن صوبہ ہے اور یہاں کے عوام امن کے داعی ہے معاشرے کی بہتری کیلئے اداروں کا کردار انتہائی اہمت کا حامل ہے ایونٹ کو کامیاب بنانے میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کے درمیان بہترین کوآرڈی نیشن تھا جو کہ قابل ستائش ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم آنے والے نیشنل گیمز کو منعقد کرنے کے لیے بھی تیار ہیں بلوچستان کا موسم ہر طرح کے کھیلوں کے لیے انتہائی بہترین ہے۔ پولیس، اسپورٹس، سی اینڈ ڈبلیو نے جس طریقے سے اپنی خدمات سرانجام دیں وہ قابل تحسین ہیں۔ جن کی دن رات محنت کے نتیجے میں اتنا بڑا، طویل اور صبر آزما میگا ایونٹ کامیابی سے ہمکنار ہوا۔ مہمان نوازی میں کوئی کمی نہیں آئی۔ تقریب کے آخر میں چیف سیکرٹری نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنیوالے افسران و دیگر میں شیلڈز بھی تقسیم کیں۔

MASHRIQ QUETTA

# حکومت نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنے کیلئے اقدامات کر رہی ہے، چیف سیکرٹری

وزیراعظم بااختیار نوجوانان پروگرام میں بلوچستان کے لئے 8000 میں سے 3000 انٹرن شپ رکھی گئی ہیں

گوگل نے بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے اسکالرشپس 3 ہزار کردی ہیں، عبدالعزیز عقیلی کا اجلاس سے خطاب

نوجوان اپنا روزگار کر سکتے ہیں ابھی تک 961 طلباء جوائن کر چکے ہیں جس میں 462 طلباء اور 279 طالبات شامل ہیں

کوئٹہ (خ ن) صوبائی حکومت نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہے اسی سلسلے میں وزیراعظم بااختیار نوجوانان پروگرام میں بلوچستان کے لئے 8000 میں سے 3000 انٹرن شپ رکھی گئی ہیں مختلف محکموں میں نوجوانوں کو انٹرن شپ دی جائیں گے اس کے علاوہ گوگل کی جانب ........ بقیہ نمبر 10 صفحہ 9 پر

سے بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے اسکالرشپس 1 ہزار سے بڑھا کر 3 ہزار کردی گئی ہیں جس سے نوجوان اپنا روزگار کر سکتے ہیں ان خیالات کا اظہار چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے سیکرٹریز کمیٹی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں سیکرٹری لاء عبدالصبور کاکڑ، سیکرٹری پراسیکیوشن غلام علی بلوچ، سیکرٹری خزانہ زاہد سلیم سمیت تمام سیکرٹریز جبکہ ڈویژنل کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ اجلاس میں ترقیاتی منصوبوں کی پروجیکشن، پی ایس ڈی پی، وفاقی ترقیاتی منصوبے، کیسکو بلوں کی ادائیگی، سرکاری گاڑیوں کی نیلامی سمیت دیگر امور کا جائزہ لیا گیا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

DATE: 08 JUL 2023 Page No: 5


## ووٹ کے اندراج کیلئے سات دن باقی رہ گئے، صوبائی الیکشن کمشنر

**ووٹ صرف عوام کی رائے ہی نہیں بلکہ طاقت بھی ہے، عوام اپنی طاقت رجسٹر کرائیں**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان شریف اللہ نے کہا ہے کہ عام انتخابات 2023 میں ووٹ ڈالنے کیلئے ووٹ کے اندراج کیلئے سات دن باقی رہ گئے ہیں۔ 13 جولائی 2023 تک ووٹ کی رجسٹریشن اور درستگی کرائی جاسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ووٹ صرف عوام کی رائے ہی نہیں بلکہ طاقت بھی ہے لہذا عوام اپنی طاقت رجسٹر کرائیں۔ انہوں نے کہا کہ شہری 8300 پر اپنا شناختی کارڈ نمبر میسج کر کے اپنے ووٹ کے بارے میں فوری معلومات حاصل کرتے ہیں۔ اگر کسی شہری کے ووٹ کے کوائف درست نہیں یا ووٹ کا اندراج نہیں تو فوری طور پر متعلقہ ضلعی الیکشن کمشنر کے دفتر سے رجوع کر کے اپنا ووٹ رجسٹرڈ یا ووٹ کے کوائف درست کرائے جاسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ووٹ کے اندراج اور کوائف کی درستگی کے لئے عام انتخابات سے پہلے یہ آخری موقع ہے۔


MASHRIQ QUETTA


# بلوچستان قدرتی معدنیات سے مالا مال وسیع صوبہ ہے، اعظم نذیر تارڑ

**آرمی ایکٹ اور اس کے تحت بنائے گئے قوانین حقوق کی ضمانت دیتے ہیں، وفاقی وزیر قانون وانصاف**

**فوجی عدالتوں کے فیصلوں کے خلاف آئینی عدالتوں میں بھی جانے کا حق ہے، کینیڈین ہائی کمشنر سے گفتگو**

**پاکستان کے قابل تجدید توانائی کے منصوبوں کے ذریعے خطے کی ترقی کے اقدامات بقابل تعریف ہیں، ہائی کمشنر**

اسلام آباد / کوئٹہ (یو این اے) آرمی ایکٹ اور اس کے تحت بنائے گئے قوانین ملزم کے حقوق کی ضمانت دیتے ......


بقیہ نمبر 12 صفحہ 9 پر


ہیں، دنیا بھر میں بڑھتے ہوئے اسلاموفوبیا پر گہری تشویش ہے، انتخابات مقررہ وقت پر ہونگے اور جمہوریت کا استحکام حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ ان خیالات کا اظہار وفاقی وزیر قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کینیڈا کی ہائی کمشنر لیسلی سکینلون سے ملاقات کے دوران کیا وزارت قانون و انصاف کی جانب سے جاری اعلامیہ کے مطابق کینیڈین ہائی کمشنر نے بلوچستان حکومت کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ وہ بیرک گولڈ کارپوریشن کے ساتھ کان کنی کے منصوبوں میں معاونت، سہولت کاری اور تعاون کر رہی ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان حکومت کے قابل تجدید توانائی کے منصوبوں کے ذریعے خطے کی ترقی کے اقدامات بھی قابل تعریف ہیں۔

## صفائی کا نظام بہتر بنانے پر ایڈمنسٹریٹر داد کے مستحق

**نواحی علاقوں پر بھی خصوصی توجہ دیکر صفائی کا انتظامات کو بہتر بنائے**

کوئٹہ (پ ر) میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کی جانب سے عید الاضحی کے موقع پر شہر کے مختلف علاقوں میں صفائی کی بہترین اقدامات پر ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ داد کے مستحق ہے عوامی حلقوں نے شہر کے اندر عید الاضحی کے موقع پر بہترین صفائی کے انتظامات پر ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ عبدالجبار بلوچ اور ان کی ٹیم کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ایڈمنسٹر سے مطالبہ کیا کہ جس طرح شہر میں......


بقیہ 50 صفحہ نمبر 9 پر


صفائی کا بہتر انتظامات کیا گیا اسی طرح شہر کے نواحی علاقوں میں بھی صفائی کا انتظامات کو یقینی بنایا جائے عید کے 8 دن گزرنے کے باجود نواحی علاقوں قمبرانی روڈ، سریاب روڈ، برقی روڈ، بنرل روڈ اور دیگر علاقوں میں عید الاضحی کی الائشیں ابھی بھی پڑے ہوئے ہیں جس کے باعث لوگوں کو سخت مشکلات درپیش ہے ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ شہر کے اندر کی صفائی پر توجہ دینے کے ساتھ ساتھ نواحی علاقوں پر بھی خصوصی توجہ دیکر صفائی کا انتظامات کو بہتر بنائے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 8

DATE: 08 JUL 2023 Page No: 7

# ادارہ ترقیاتی بلوچستان کے ملازمین کا مسائل حل نہ ہونے پر مظاہرہ، نعرے بازی، احتجاج سخت کرنے کا فیصلہ

ڈی جی اور ٹاؤن پلاننگ نے ایک نجی کمپنی کے دفتر کو اپنا دفتر بنا لیا، کیوڈی اے کے تمام کام اسی کمپنی کے ساتھ مل کر کیے جا رہے ہیں

زیڈ کے بی اور کیوڈی اے کا معاہدہ منسوخ کیا جائے، ملازمین تنخواہوں، میڈیکل اور ترقیوں سے محروم ہیں، عبدالوحید، ملک محمد جمیل

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ادارہ ترقیاتی کوئٹہ اور کیوڈی اے ملازمین اتحاد کے زیر اہتمام جمعہ کو کیوڈی اے آفس میں ایک احتجاجی مظاہرہ کیا گیا مظاہرین نے بینرز اور پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے جن پر نعرے درج تھے مظاہرین سے چیئرمین ملک عبدالوحید، ڈپٹی چیئرمین ملک محمد جمیل، ڈپٹی چیئرمین دوئم محمد یونس، فنانس سیکرٹری زینت اللہ کاکڑ، پریس سیکرٹری محمد اعظم شاہوانی اور دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ڈائریکٹر جنرل اور ٹاؤن پلاننگ نے ایک نجی کمپنی کے دفتر کو اپنا دفتر بنا لیا ہے اور کیوڈی اے کے تمام کام ایک نجی کمپنی کے ساتھ مل کر کئے جا رہے ہیں جو کہ محکمہ ........ بقیہ نمبر 73 صفحہ نمبر 9 پر

کو تالا لگانے کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ کیوڈی اے کو اپنے مینڈیٹ کے مطابق کام کرنے دیا جائے محکمہ کیوڈی اے اربوں روپے مالیت کے اثاثوں کا مالک ہے صرف سبزی منڈی سریاب روڈ کی نیلامی سے اربوں روپے کی آمدنی ہو سکتی ہے مگر انتظامیہ کیوڈی اے ہائی کورٹ کے احکامات کو نظر انداز کرتے ہوئے ایک نجی کمپنی کے ساتھ شراکت کو ترجیح دیکر مالی بحران میں مزید اضافہ کر رہی ہے حکام بالا کے علم میں ہے کہ گزشتہ کئی دہائیوں سے محکمہ خسارے کا شکار ہے ہر ماہ تنخواہ کی ادائیگی میں مشکلات کا سامنا ہے میڈیکل کی سہولیات ملازمین پر بند کر دی گئی ہیں ملازمین کی ترقیاں وقت پر نہیں ہو رہی ہیں اسکے علاوہ بھی ملازمین کے مسائل ہیں مگر ڈی جی کیوڈی اے اس جانب توجہ نہیں دے رہے اور جب سے وہ ڈی جی تعینات ہوئے ہیں چند دن ہی دفتر آئے ہیں ان حالات میں دفتر کے مالی حالات کیسے ٹھیک ہونگے عوام الناس کو سستی رہائشی و تجارتی اسکیمیں کیسے میسر ہونگی۔ انہوں نے کہا کہ زیڈ کے بی اور کیوڈی اے کا معاہدہ فوری طور پر منسوخ کیا جائے بصورت دیگر ملازمین سخت احتجاج پر مجبور ہونگے۔ ہم حکام بالا سے مطالبہ کرتے ہیں کہ فوری طور پر ملازمین کے مسائل کے حل کیلئے کمیٹی تشکیل دی جائے اور نئے ڈی جی کیوڈی اے کی تعیناتی عمل میں لائی جائے

# بلوچستان میں ایک اور آپریشن کی راہ ہموار کی جا رہی ہے، این پی

ہم نے ہمیشہ بلوچستان و بلوچ قوم کے حقوق کے دفاع کی جدوجہد کی ہے قومی اجتماعی مفادات کی بات کی آئین بھی ہمیں اس بات کی اجازت دیتا ہے

سردار اختر مینگل کی رہائش گاہ کے سامنے نہتے مہمانوں کو تنگ کرنے کا عمل یقیناً باعث تشویش اور عوام کو مشتعل کرنے کی کوشش ہے تاکہ انہیں بہانا مل سکے

اسلام آباد (پ ر): بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی بیان میں کہا گیا ہے کہ ایک بار پھر وڈھ کے غیور عوام کو ڈیتھ سکواڈ کے رحم و کرم پر حکومت وقت اور بہت سے ادارے چھوڑنا چاہتے ہیں تاکہ وہاں پر بھتہ خوری، قتل و غارت گری، قبضہ گیری، خوف و ہراس کا ماحول پیدا کر کے وڈھ شہر کو لوح لوہان کیا جائے شفیق مینگل کے خلاف ایف آئی آرز، مقدس مقامات پر دہشت گردی کے واقعے کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ میں بھی ان کا نام شامل ہے مگر وہ آج بھی آزاد گھوم رہے ہیں اپنے گاؤں سے تجاوز کر کے وڈھ شہر کے غیور عوام کو یرغمال بنا کر اپنے مذموم مقاصد پورا کرنا ........ بقیہ 41 صفحہ نمبر 9 پر

چاہتے ہیں ہونا تو یہ چاہئے تھا کہ ان کے ڈیتھ سکواڈ سے وڈھ شہر کے لوگوں کو دور رکھا جاتا مگر بدقسمتی سے یہاں پر گنگا الٹی بہہ رہی ہے حکومت ڈیتھ سکواڈ کے دہشت گردوں سے عوام کو چھٹکارا دلاتی مگر انہیں کھلی چھوٹ دی ہوئی ہے اور بے گناہوں کو ہراساں کرنے کی کوششیں کر رہے ہیں۔

# کیچ کے سیاسی کلچر کو خراب کرنے کی ہرگز کسی کو اجازت نہیں دینگے، ڈاکٹر عبدالمالک

کیچ قوم پرست سیاست کا مضبوط مورچہ رہا ہے عوام کے حق حکمرانی پر کوئی سمجھوتہ قبول نہیں

تربت (آن لائن) کیچ کے سیاسی کلچر کو خراب کرنے کی ہرگز کسی کو اجازت نہیں دینگے۔ کیچ قوم پرست سیاست کا مضبوط مورچہ رہا ہے عوام کے حق حکمرانی پر کوئی سمجھوتہ قبول نہیں۔ ووٹ کے تقدس کو ہر صورت بحال رکھیں گے۔ ان خیالات کا اظہار نیشنل پارٹی کے ........ بقیہ 42 صفحہ نمبر 9 پر

مرکزی صدر سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کوشک تربت میں سینئر رہنماؤں کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ 11 جولائی کو شہید مولا بخش دشتی اور قاضی غلام رسول بلوچ کی یاد میں عظیم الشان جلسہ عام منعقد کیا جا رہا ہے عوام اور کارکن بڑی تعداد میں اپنی شرکت کو یقینی بنائیں۔

INTEKHAB QUETTA

# میر خیر بیار خان ڈومکی کا سندھ بلوچستان قومی شاہراہ کو بلاک کرنے کا اعلان

محکمہ ایری گیشن بلوچستان ٹھکی واہ اسٹیٹ فیڈر لفٹ بینک بند کو فوری طور پر تعمیر کا کام شروع اور زرعی پانی کو ضائع ہونے سے بچایا جائے

سبی (این این آئی) ڈومکی گروپ کے سربراہ و سیاست کے سلطان سردار زادہ میر خیر بیار خان ڈومکی نے ڈومکی گروپ کی جانب سے سندھ بلوچستان قومی شاہراہ کو بلاک کرنے کا اعلان کر دیا۔ گزشتہ گیارہ ماہ سے ٹھکی ڈیم کے اسٹیٹ فیڈر لفٹ بینک بند کو سیلابی پانی بہہ کر لے گیا ہے جسکی کی وجہ سے زرعی پانی ضائع ہو رہا ہے اور زمیندار معاشی طور پر تباہ ہو گئے ہیں۔ بقیہ نمبر 50 صفحہ 7 پر

صوبائی حکومت ہنگامی بنیادوں پر ٹھکی ڈیم کے اسٹیٹ فیڈر لفٹ بینک بند کی تعمیر کا کام شروع کروے ان خیالات کا اظہار انہوں نے سبی میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی وزیر ایری گیشن چیف سیکرٹری بلوچستان اور سیکرٹری ایری گیشن عوام اور زمینداروں کو ریلیف فراہم کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے انہوں نے کہا کہ محکمہ ایری گیشن کی غفلت اور لاپرواہی کی وجہ سے ٹھکی واہ کا زرعی پانی گذشتہ گیارہ ماہ سے ضائع جا رہا ہے جس سے زمینداروں کو نہ صرف نقصان کا سامنا ہو رہا ہے بلکہ زمیندار مالی طور پر تباہ ہو گئے ہیں انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ فیڈر لفٹ بینک بند گذشتہ سیلاب کے نذر ہونے کے بعد محکمہ ایری گیشن کی غفلت اور لاپرواہی کی وجہ سے زرعی پانی ضائع ہونے سے زمیندار تباہ ہو گئے انہوں نے کہا کہ زرعی پیداوار نہ ہونے کے باعث علاقائی معیشت بھی بری طرح متاثر ہوئی

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4　　DATE: 08 JUL 2023　　Page No: 8

# کوئٹہ شہر میں آٹے کی قلت 50 کلو آٹے کے تھیلے پر ایک ہفتے میں 800 روپے بڑھ گیا

تھیلا 5800 سے بڑھ کر 6600 روپے کا ہوگیا 20 کلو آٹے کا تھیلا 2450 سے بڑھ کر 2700 تک جا پہنچا

آٹے کی قیمتوں میں اضافہ عید کی چھٹیوں میں گندم شارٹج کے باعث بنا چند روز سستا ہوا لیکن اب پھر عید کے بعد مہنگا ہوگیا

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ شہر آٹے کی قیمتوں میں ایک بار پھر اضافہ برقرار، 50 کلو آٹے کے تھیلے پر ایک ہفتے میں 800 روپے بڑھ گئے۔ تفصیلات کے مطابق کوئٹہ شہر آٹے کی قیمتوں میں ایک بار پھر اضافہ، 50 کلو آٹے کے تھیلے پر ایک ہفتے میں 800 روپے بڑھ گئے، 50 کلو آٹے کا تھیلا 5800 سے بڑھ کر 6600 روپے کا ہوگیا 20 کلو آٹے کا تھیلا 2450 سے بڑھ کر 2700 تک جا پہنچا دکانداروں کے مطابق پنجاب سے آٹے مہنگا مل رہا ہے اس لئے مہنگا فروخت کرنے پر مجبور ہیں آٹا ڈیلر ایسوسی ایشن کے مطابق آٹے کی قیمتوں میں........ بقیہ 57 صفحہ نمبر 9 پر

اضافہ عید کی چھٹیوں میں گندم شارٹج کے باعث بتایا جا رہا ہے، آٹا بحران کے بعد سستا ہوا لیکن اب پھر عید کے بعد مہنگا ہوگیا ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان کی محکمہ خوراک اور ضلعی انتظامیہ کو آٹے کی قیمت میں استحکام لانے کے لئے ضروری اقدامات کی ہدایت بھی کی ہے۔

INTEKHAB QUETTA

# شاہرگ میں احتجاجی مظاہرہ وجلسہ منعقد کیا گیا

سیاسی پارٹیوں، عوامی نمائندوں، ٹرانسپورٹ و تاجر تنظیموں کی شرکت

سول انتظامیہ میر مفلوج لاقانونیت کی صورتحال ہے، مقررین

کوئٹہ (آن لائن) ضلع ہرنائی پر مسلط دہشت گردی، بھتہ خوری، بدامنی کے خاتمے، عوام کی جان و مال، تجارت و کاروبار کی تحفظ، امن کے قیام اور کوئٹہ ہرنائی شاہراہ پر چیر رفت اور مانگی کے مقامات پر ٹرکوں کو جلانے و کروڑوں روپے کے نقصانات کے تاوان کی ادائیگی بقیہ نمبر 31 صفحہ 7 پر

کی مطالبات کیلئے مختلف سیاسی پارٹیوں، عوامی نمائندوں، قبائلی عمائدین اور ٹرانسپورٹ و تاجر تنظیموں کی جانب سے ہرنائی عوامی اتحاد کی پلیٹ فارم سے جاری احتجاجی تحریک کے سلسلے میں شاہرگ میں احتجاجی مظاہرہ اور جلسہ عام منعقد ہوا۔ جلسہ عام سے نیشنل ڈیموکریٹک موومنٹ کے صوبائی صدر احمد جان خان، عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے ممبر و ضلعی صدر ولی داد میانی، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے ضلعی ایگزیکٹیو کے ممبران گل محمد توخی، حفیظ اللہ، جمعیت علمائے اسلام کے تحصیل امیر مولوی حسن شاہ، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی خوشحال کے ضلعی آرگنائزر عبداللہ خان لالا، پشتون تحفظ موومنٹ کے مرکزی کمیٹی کے ممبر ساجد میانی، قبائلی رہنما ملک عبداللہ ترین، ٹرک یونین کے نمائندے عبدالحق میانی، جمعیت علمائے اسلام پاکستان کے ملا عطا محمد، سیاسی کارکن ذاکر شاہ، مزدور نمائندہ گوہر علی اور محمد عارف میانی، مولوی زاہد شاہ نے خطاب کیا۔ مقررین نے ضلع ہرنائی میں کول مائنز، مزدوروں، تاجروں، ٹرانسپورٹرز اور عوام پر مسلط دہشت گردی، بھتہ خوری، بدامنی اور ٹرکوں کو جلانے و نقصان پہنچانے کی ذمہ داری ریاست و اس کے اداروں اور سیکورٹی فورسز پر عائد کرتے ہوئے کہا کہ یہ امر انتہائی قابل تشویش اور قابل مذمت ہے

# پولیس گاڑیوں کے نام پر ہزاروں لیٹر پیٹرول دیگر گاڑیوں میں استعمال ہونے کا انکشاف

کوئٹہ کے 30 سے زائد تھانوں کے پیٹرولنگ پیٹرول 4 ماہ سے بند سرکاری پیٹرول ناکارہ گاڑیوں کے نام پر استعمال ہوتے ہیں

کوئٹہ (یو این اے) [illegible] بلوچستان پولیس کے غیر استعمال گاڑیوں کے نام پر ہزاروں لیٹر پیٹرول استعمال ہونے کا انکشاف ہوا ہے ذرائع بقیہ نمبر 58 صفحہ 7 پر

کے مطابق بلوچستان پولیس بھی لوٹنے میں سے پیچھے نہیں، پولیس کی سینکڑوں جنرل ڈیوٹی، پائی کیگرز، قیدی وین اور موٹر سائیکلز جو ناکارہ ہے اور انہیں آف روڈ کیا گیا ہے ذرائع کے مطابق مذکورہ ناکارہ واپ روڈ گاڑیاں جو پولیس لائن میں کھڑی ہیں کے نام پر ہزاروں لیٹر سرکاری پیٹرول استعمال کیا جانے لگا ہے ایک طرف کوئٹہ کے 30 سے زائد تھانوں کے پیٹرولنگ پیٹرول گزشتہ 4 ماہ سے بند کیا گیا ہے

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

DATE: 08 JUL 2023

Page No: 10


## لورالائی میں لڑائی جھگڑا 15 افراد زخمی ہسپتال منتقل

### مہاجر اڈہ پر دو اقوام کے درمیان پرانی رنجش پر لڑائی ہوئی

کوئٹہ (این این آئی) لورالائی میں دو اقوام کے درمیان پرانی رنجش کی باعث لڑائی جھگڑے کے دوران 15 افراد زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق جمعہ کو لورالائی کے مہاجر اڈہ پر دو اقوام کے درمیان پرانی رنجش کی باعث لڑائی جھگڑے کے دوران چھریوں اور......

بقیہ نمبر 69 صفحہ نمبر 9 پر

لکڑیوں کے وار سے 15 افراد زخمی ہو گئے جنہیں فوری طور پر طبی امداد کے لئے ہسپتال منتقل کردیا گیا

## کوئٹہ پولیس کی کاروائی

### 05 ملزمان گرفتار

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ پولیس نے ہوائی فائرنگ، منشیات فروشوں، مفرور ملزمان کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے 05 ملزمان کو گرفتار کرکے بھاری مقدار میں چرس اسلحہ ایمونیشن قبضہ میں لے لیا تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ غلام اظفر مہیسر ایس ایس پی آپریشن زوہیب محسن کی خصوصی ہدایت پر ایس ایچ او پشتون آباد رجب قیوم نے کاروائی کرتے ہوئے شادی کی تقریب میں ہوائی فائرنگ کرنیوالے ملزم گل احمد کو گرفتار کرکے پسٹل قبضہ میں لے لیا اسی طرح کچلاک پولیس نے کاروائی کرتے......

بقیہ 44 صفحہ نمبر 9 پر

ہوئے عبدالرشید، بشیر احمد کو گرفتار کرکے پسٹل بمعہ راونڈ برآمد کرکے قبضے میں لے لئے سول لائن پولیس نے مفرور ملزم شاہ اللہ کو گرفتار کرلیا جبکہ شہید امیر محمد دستی کے ایس ایچ او نصیب اللہ ناصر نے کاروائی کرتے ہوئے ملزم ناصر کے قبضے سے 06 کلو چرس برآمد کرلی۔

INTEKHAB QUETTA

## پشتون آباد سے تعلق رکھنے والا نوجوان کوہ پیما پہاڑوں میں لاپتہ

### پی ڈی ایم اے کا ریسکیو آپریشن، ڈرون سے خصوصی نگرانی کی جارہی ہے

کوئٹہ (آئی این پی) کوئٹہ کے علاقے پشتون آباد سے تعلق رکھنے والا نوجوان کوہ پیما پہاڑوں میں لاپتہ ہوگیا، ذرائع کے مطابق پی ڈی ایم اے کی ریسکیو ٹیموں اور اسٹاف کا آپریشن جاری ہے، پی ڈی ایم اے ٹیم کی جانب سے ڈرون کے ذریعے بھی خصوصی نگرانی کی جارہی

بقیہ نمبر 47 صفحہ 7 پر

ہے، ذرائع کے مطابق ریسکیو آپریشن کی نگرانی کیلئے ڈی جی پی ڈی ایم اے جہانزیب خان ٹیم کے ہمراہ پہنچ گئے، ڈی جی پی ڈی ایم اے کے ہمراہ ڈائریکٹر فیصل پانیزئی اور فیصل طارق بھی موجود تھے۔ ڈی جی پی ڈی ایم اے کا کہنا ہے کہ عوام سے گزارش ہے حکومتی احکامات کی پابندی کریں، لاپتہ نوجوان کے والدین جس کرب سے گزر رہے ہیں اس کا بخوبی اندازہ ہے، پی ڈی ایم اے کی ریسکیو فورس سمیت تمام ٹیمیں نوجوان کو ڈھونڈنے کی ہرممکن کوشش کررہی ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 6 DATE: 08 JUL 2023 Page No: 12


# سی پیک منصوبے کے دس سال، لازوال دوستی کی روشن مثال

پاکستان اور چین کے درمیان سی پیک منصوبے کے دس سال مکمل ہونے پر وزیراعظم شہباز شریف نے ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ منصوبہ پاک چین دوستی کی روشن مثال ہے منصوبے کے مخالفین درحقیقت خطے میں امن ترقی وخوشحالی کے دشمن ہیں جو نہیں چاہتے کہ پاکستان اور اس کے عوام خوشحال ہوں اور انہیں غربت وافلاس سے نجات ملے سی پیک منصوبہ بااعتماد سٹریٹجک پارٹنر شپ کا نیا باب ہے جس سے پورے خطے کو ثمرات حاصل ہوں گے دس برسوں میں سی پیک کے تحت اہم منصوبوں پر کام کا آغاز ہوا جن میں سے بیشتر منصوبے مکمل ہو چکے کچھ تکمیل کے آخری مراحل میں ہیں اور بعض منصوبوں پر کام جاری ہے چین نے ہر مشکل وقت میں توقعات سے بڑھ کر پاکستان کا ساتھ دیا دونوں ممالک کے تعلقات میں دراڑ ڈالنے کی ہر سازش ناکام بنادی گئی پاک چین اقتصادی راہداری (سی پیک) منصوبہ نہ صرف پاکستان اور چین کے مابین انتہائی گہرے تعلقات کی نشاندہی کرتا ہے بلکہ یہ دونوں ممالک کے لئے بے شمار اقتصادی فوائد کا بھی حامل ہے اس منصوبے میں بلوچستان کی گوادر بندرگاہ کو مرکزی اہمیت حاصل ہے اس کے تحت اب تک بجلی پیدا کرنے کے کارخانوں سمیت سڑکوں شاہراہوں اور انفرارکچر کے دیگر منصوبوں پر کام کیا گیا بلوچستان سمیت ملک کے ہر صوبے میں سی پیک کے تحت منصوبوں پر تیز رفتاری کے ساتھ کام کیا گیا پاک چین ریلوے لائن کی تنصیب اور گوادر ایئرپورٹ بھی منصوبے کے اہم جزو ہیں گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ اب تکمیل کے آخری مراحل میں ہے جبکہ ریلوے لائن کی تنصیب کے حوالے سے ابتدائی کام مکمل ہو چکے ہیں اور عنقریب اس کی تعمیر بھی شروع ہوجائے گی اس طرح پاکستان خصوصاً بلوچستان چین اور خطے کے علاوہ وسطی ایشیائی ریاستوں کے ساتھ بھی منسلک ہوجائے گا۔ درمیان میں کچھ مراحل ایسے بھی آئے جس سے سی پیک منصوبے کے بارے میں تحفظات اور خدشات پیدا ہوئے لیکن دونوں ممالک نے ہر رکاوٹ کو عبور کرتے ہوئے منصوبے پر کام جاری رکھا۔ سی پیک منصوبے کے حوالے سے اب کسی قسم کے خدشات موجود نہیں اور عام انتخابات کے بعد آنے والی حکومت بھی اسے نہ صرف جاری وساری رکھے گی بلکہ اس کی تکمیل بھی یقینی بنائے گی خطے کی ترقی وخوشحالی اور استحکام کے حوالے سے ایک اور تنظیم شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے پلیٹ فارم سے کام کررہی ہے جس کے ارکان میں چین پاکستان روس اور بھارت بھی شامل ہیں۔ اس تنظیم کے سربراہ اجلاس میں بھی رکن ممالک کے صدر اور وزراء اعظم نے اقتصادی طور پر مربوط خطے کی تشکیل کے لئے کام کرنے کے عزم کا اظہار کیا ہے یہ تنظیم بھی خطے کی ترقی وخوشحالی میں ایک اہم کردار ادا کرسکتی ہے افغانستان ایک مستحکم ملک بن جائے اور وہاں پائیدار امن کا قیام یقینی ہوجائے تو یہ تنظیم بھی خطے کے ممالک کو ترقی وخوشحالی کی منزل سے ہمکنار کرسکتی ہے پاکستان کے چین روس ایران اور وسطی ایشیائی ممالک کے ساتھ رابطوں کے فروغ خصوصاً اقتصادی وتجارتی تعلقات میں اضافے نے اس تنظیم کی اہمیت اور افادیت میں غیر معمولی اضافہ کردیا ہے پاک چین اقتصادی راہداری کی تکمیل اور ایس سی او کے رکن ممالک کے درمیان مستحکم تعلقات سے یہ پورا خطہ امن ترقی و خوشحالی سے ہمکنار ہوسکتا ہے ایس سی او کے رکن ممالک مغرب پر انحصار کم سے کم کرتے ہوئے علاقائی تعاون کو فروغ دینے اور ایک دوسرے پر انحصار کرنے کی حکمت عملی پر کام کریں تو مطلوبہ اہداف بہت جلد حاصل ہوسکتے ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6 DATE: 08 JUL 2023 Page No: 13 A

# Robust LG system in Balochistan

The completion of local bodies' elections in Balochistan is an achievement worthy of celebration and appreciation. The Chief Minister's commitment and courage to empower the common men and address the province's problems through grassroots democracy is commendable. This landmark moment sets the stage for a new era of local governance, where the people's voices are heard, their issues are addressed, and their aspirations are given due consideration. As Balochistan moves forward, let us recognize the significance of this step towards a more inclusive and prosperous future for all. The completion of local bodies' elections in Balochistan marks a significant milestone in the province's journey towards empowering its citizens and addressing their long-standing problems. This achievement is a testament to the commitment and courage displayed by the Chief Minister and his administration, who recognized the importance of grassroots democracy and took proactive steps to ensure its implementation. As the province enters a new era of local governance, it is essential to appreciate the Chief Minister's visionary leadership and acknowledge the potential for positive change that lies ahead.

The local bodies elections in Balochistan have provided a unique opportunity for the common people to actively participate in decision-making processes that directly affect their lives. This democratic exercise has granted them a voice and a platform to express their concerns, prioritize local issues, and contribute to the development of their communities. By devolving power to the grassroots level, the Chief Minister has paved the way for a more inclusive and accountable system of governance, where citizens can engage directly with their elected representatives to find solutions to their problems. Balochistan, like many other provinces in Pakistan, has faced numerous challenges over the years. These include inadequate infrastructure, limited access to education and healthcare, unemployment, and the need for effective law enforcement. The local

bodies' elections have presented an opportunity to tackle these issues head-on. Through decentralization, the Chief Minister aims to bridge the gap between the government and the people, ensuring that policies and initiatives are tailored to address the specific needs of each locality. The commitment and courage demonstrated by the Chief Minister and his administration in holding local bodies' elections cannot be understated. They recognized that true progress can only be achieved through the active participation and empowerment of the common people. By facilitating free and fair elections, they have demonstrated their unwavering commitment to democracy and the principles of representative governance.

Balochistan is a diverse province, home to multiple ethnicities and communities. The local bodies elections have provided an opportunity to strengthen the bonds of unity and promote a sense of belonging among the people. As individuals from different backgrounds come together to participate in the decision-making process, they will be encouraged to find common ground and work towards the betterment of the province as a whole. The Chief Minister's dedication to empowering local bodies will undoubtedly foster a spirit of inclusivity and cooperation, ensuring that the progress made benefits every citizen. The establishment of a robust local government system in Balochistan holds immense significance for the province's development and stability. Given the unique social, cultural, and geographic diversity of Balochistan, local government institutions play a pivotal role in understanding and addressing the specific challenges faced by different regions and communities. By devolving power and decision-making authority, the local government setup ensures that resources are allocated more equitably, infrastructure projects are tailored to local needs, and services such as education, healthcare, and public utilities reach every corner of the province. Moreover, it enables active citizen participation, giving the people of Balochistan a direct say in shaping their own destinies, fostering a sense of ownership, empowerment, and unity. Through effective local governance, Balochistan can unlock its full potential, promote socio-economic progress, and lay the foundation for a prosperous future for all its residents.

# بلوچستان کی ترقی مقامی حکومتوں کی مضبوطی سے ممکن ہے

جمہوری معاشروں میں مضبوط حکمرانی کے لیے مقامی نظام حکومت بنیادی حیثیت رکھتی ہے، سیاسی قیادتیں آمریت پر تنقید تو بہت کرتی ہیں، لیکن وہ اپنی اپنی حکومت کے دور میں مقامی جمہوری حکومتوں کا نظام نہیں دے سکیں۔ پاکستان میں 2008ء کے انتخابات کے بعد چاروں صوبائی حکومتوں نے مقامی حکومت کے انتخابات کرانے سے گریز کیا اور عوامی نمائندوں کے مقابلے میں بیوروکریسی کو مضبوط کیا۔ پنجاب اور سندھ میں جنرل پرویز مشرف 2001 کے ناظم حکومتوں کے نظام سے ہٹ کر کوئی نیا نظام متعارف نہیں کرایا جا سکا جبکہ بلوچستان اور خیبر پختونخواہ نے جنرل ضیاالحق کے 1979ء کے نظام کو بنیاد بنا کر اسمبلیوں سے نیا نظام منظور کروایا لیکن وہ بھی انتخابات کے انعقاد میں ناکام رہے۔ پنجاب اور سندھ میں کمشنری نظام کی بحالی نے ثابت کیا کہ ہمارا حکمران طبقہ ایک ایسا نظام چاہتا ہے جس میں انتظامیہ یا بیوروکریسی کو کلیدی حیثیت حاصل ہو۔ حالانکہ 18 ویں ترمیم میں جس انداز سے مرکز نے صوبوں کو اختیارات دیے ہیں اسی طرح اب صوبوں کو بھی ضلعوں، تحصیل اور کونسل سطح پر اختیارات کی تقسیم پر سیاسی سمجھوتوں سے گریز کرنا چاہیے۔ صوبائی خود مختاری کا مقصد محض مرکز سے صوبوں کو اختیارات کی منتقلی نہیں بلکہ اس کو اور نیچے لے جانا مقصود ہے۔ اسی طرح صوبائی این ایف سی ایوارڈ میں ضلعوں میں وسائل کی تقسیم کا اصول وضع ہونا چاہیے تاکہ پس ماندہ اضلاع کی ترقی کا عمل بھی تیز ہو سکے۔ بلوچستان میں بھی بلدیاتی انتخابات مکمل ہو گئے ہیں اب دیکھنا یہ ہے کہ مقامی نمائندگان کو کتنے اختیارات اور وسائل فراہم کیے جاتے ہیں تاکہ وہ بہترین انداز میں کام کر سکیں۔ کمزور اور بے اختیار بلدیات کا نظام لانا بے معنی عمل ہوگا۔ ہمیں چند بنیادی فکری مغالطوں سے باہر نکلنا ہوگا اور ایک ایسے نظام پر متفق ہونا ہوگا جو مقامی سطح پر ہماری سیاسی، انتظامی اور مالی ضروریات کو پورا کرنے میں معاون ثابت ہو۔ دنیا کے جمہوری معاشروں میں جہاں جہاں مضبوط مقامی نظام موجود ہے وہاں اب اس نظام کو تیسری سطح کی حکومت قرار دیا جاتا ہے سب سے اوپر مرکز، پھر صوبائی حکومتیں اور اس کے بعد مقامی حکومتوں کا درجہ آتا ہے جبکہ ہمارے یہاں مقامی حکومتوں کے مقابلے میں بیشتر سیاسی جماعتیں اور قیادتیں مقامی بلدیاتی اداروں کو اہمیت دیتی ہیں۔ بلدیاتی اداروں میں مالی اور انتظامی اختیارات بہت کم ہوتے ہیں اور تمام تر اختیارات کا مرکز صوبائی حکومت سے جڑا ہوتا ہے جبکہ مقامی حکومت کا اصول، صوبوں سے ضلعوں، تحصیلوں، ٹاؤن اور یونین کی سطح پر سیاسی، انتظامی اور مالی اختیارات کی تقسیم کی بات کرتا ہے۔ ارکان اسمبلی کو خوف رہتا ہے کہ نچلی سطح پر مضبوط مقامی حکومتوں کا نظام آ گیا تو وہ ترقیاتی فنڈز سے محروم ہو جائیں گے۔ ہمارا قانون یہ کہتا ہے کہ قومی، صوبائی اور سینٹ کے ارکان کی اصل ذمہ داری قانون سازی ہے۔ اس کے برعکس ہمارے ہاں پارلیمنٹ کے ارکان کی ساری دلچسپی زیادہ سے زیادہ ترقیاتی فنڈز کا حصول ہوتا ہے۔ اگر قومی اور صوبائی اسمبلی کے اراکین نے ترقیاتی کاموں اور فنڈز کو فوقیت دینی ہے تو پھر مقامی نظام کیا کرے گا۔ اس کا حل صرف یہ ہے کہ اسمبلیوں کے ارکان کے ترقیاتی فنڈز ختم کر دیئے جائیں اور یہی رقوم مقامی حکومتوں کے سپرد کر دیئے جائیں، ورنہ یہ ٹکراؤ مقامی نظام کے چلنے میں رکاوٹیں پیدا کرتا رہے گا۔ بہرحال اس کا مستقل حل صرف یہی ہے کہ مقامی حکومتوں کو مکمل بااختیار بنایا جائے خاص کر بلوچستان جیسا صوبہ جو بہت بڑا ہے اور منتشر آبادی پر پھیلا ہوا ہے یہاں صرف مقامی نمائندگان ہی گلی کوچوں دیہاتوں کے اندر کام کر سکتے ہیں لہٰذا بلوچستان کی ترقی کو یقینی بنانے کے لیے مقامی نمائندگان کو ترجیح دی جائے تاکہ بلوچستان کے مسائل حل ہو سکیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6

DATE: 08 JUL 2023

Page No: 16

By Shazia Hajji Mehmood

# Empowering Balochistan through Enhanced Education Facilities

**Balochistan, a province in Pakistan, is in dire need of increased educational facilities to address the persistently low literacy rates. While education is a fundamental right for every citizen, a significant number of children in Balochistan remain out of school, primarily due to the lack of adequate educational infrastructure.**

The latest statistics reveal an alarming literacy rate of approximately 44% in Balochistan, the lowest in the country. Rural areas are particularly affected, with a meager literacy rate of only 25%. Given that the majority of Balochistan's population resides in rural regions, the lack of educational opportunities profoundly hampers children's access to schooling.

Urgent Measures Required by the Government

To rectify this situation, the Balochistan government must prioritize the construction of additional schools, particularly in rural areas. Currently, most schools are concentrated in urban regions, making it arduous for children in remote areas to access education. Additionally, the government should allocate more funds to the education sector and raise teachers' salaries to attract highly qualified professionals to the teaching profession.

Furthermore, the establishment of vocational training centers across Balochistan is essential to provide technical education to the youth. This initiative would not only enhance their employability but also contribute to the province's overall development. Improving the Quality of Education

In tandem with expanding educational facilities, the government must focus on enhancing the quality of education in Balochistan. This can be achieved through curriculum revisions that align with students' needs and the demands of the job market. Additionally, the government should introduce modern teaching methods and technologies to enrich students' learning experiences.

In Conclusion, immediate action is imperative on the part of the Balochistan government to address the shortcomings within the education sector. Providing quality education facilities to all children is not only their fundamental right but also crucial for the province's development. Balochistan must prioritize education and work steadfastly towards empowering its citizens through enhanced access to education.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6

DATE: 08 JUL 2023 Page No: 17

By Mahanaim Imdad

# Balochistan Making Strides in Achieving Sustainable Development Goals (SDGs)

**Balochistan, the largest province in Pakistan, is making significant progress towards achieving the United Nations' Sustainable Development Goals (SDGs). With a commitment to inclusive development and a focus on addressing key social, economic, and environmental challenges, the province is actively working towards creating a sustainable and prosperous future for its residents. Through strategic planning, policy reforms, and collaborative efforts, Balochistan is making commendable strides in realizing the SDGs and improving the well-being of its population.**

Balochistan is dedicated to promoting economic growth and creating decent work opportunities, aligning with SDG 8. The province has focused on sectors such as agriculture, mining, fisheries, and tourism to drive economic development and generate employment. Initiatives such as the Balochistan Agriculture Project and the Balochistan Tourism Initiative have been launched to enhance productivity, create job opportunities, and improve the livelihoods of the local communities.

It recognizes the importance of education and has taken significant steps to improve access to quality education, aligned with SDG 4. The province has invested in educational infrastructure, teacher training programs, and the provision of textbooks to schools in remote areas. Special attention is given to reducing the gender gap in education, with targeted initiatives to encourage girls' enrollment and retention in schools.

Balochistan is committed to providing accessible and quality healthcare services to all its residents, in line with SDG 3. The government has invested in healthcare infrastructure, established rural health centers, and recruited healthcare professionals to address the shortage of medical staff in remote areas.

Additionally, awareness campaigns focusing on preventive healthcare practices have been launched to promote healthy lifestyles and reduce the burden of preventable diseases.

The province is actively working towards reducing poverty and eliminating hunger, in line with SDGs 1 and 2. Various poverty alleviation programs, such as the Kamyab Jawan Program and the Benazir Income Support Program, have been implemented to provide financial support, vocational training, and business opportunities to marginalized communities. Agricultural development projects aim to increase crop productivity, improve irrigation systems, and enhance food security.

Balochistan recognizes the importance of gender equality and women's empowerment, as emphasized in SDG 5. Efforts have been made to increase women's participation in decision-making processes, economic activities, and education. Initiatives such as the Balochistan Women Development Program and skill development projects for women have been instrumental in empowering women and improving their socio-economic status.

Balochistan is actively engaged in conserving its natural resources and protecting the environment, aligning with SDGs 13, 14, and 15. The province has launched initiatives such as the Balochistan Clean and Green Program and the Forest Management Project to combat deforestation, promote reforestation, and conserve biodiversity. Efforts to mitigate climate change, promote renewable energy, and adopt sustainable land and water management practices are also underway.

Balochistan's ongoing progress in achieving the Sustainable Development Goals is a testament to its commitment to inclusive and sustainable development. The province's endeavors to foster economic growth, improve education and healthcare, alleviate poverty, empower women, and protect the environment are noteworthy. Through strategic planning, effective policy reforms, and collaborative efforts between the government, civil society, and private sectors, Balochistan is moving closer to realizing the SDGs and building a prosperous and sustainable future for its residents. Continued dedication and sustained momentum will be key in driving further progress towards achieving the goals and ensuring a better quality of life for all in Balochistan.

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.__________ DATE: 08 JUL 2023 Page No:



کوئٹہ: گورنر ملک عبدالولی کاکڑ سے سردار اعجاز احمد جعفر کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے



کوئٹہ: گورنر ملک عبدالولی کاکڑ سے مسلم لیگ ن کے رہنما سردار یعقوب ناصر ملاقات کر رہے ہیں